چلی کے صدر کا بھارت کا حکومتی سطح کا دورہ (1 - 5 اپریل، 2025)

27 مارچ، 2025

وزیر اعظم نریندر مودی کی دعوت پر چلی کے صدر جناب گیبریل بورک فونٹ 1 سے 5 اپریل 2025 تک بھارت کا سرکاری دورہ کریں گے۔ ان کے ساتھ ایک اعلی سطحی وفد ہوگا، جس میں وزراء، اراکین پارلیمنٹ، سینئر حکام، کاروباری تنظیمیں، میڈیا اور بھارت-چلی ثقافتی تعلقات میں منہمک چلی کے ممتاز شہری شامل ہوں گے.

2. یہ صدر بورک کا صدر کی حیثیت سے بھارت کا پہلا دورہ ہوگا. وہ 5 اپریل 2025 کو چلی واپس جانے سے قبل پہلے آگرہ، ممبئی اور بنگلورو کا دورہ کریں گے. دورے کے دوران صدر بورک 1 اپریل 2025 کو وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے ساتھ بات چیت کریں گے، جس میں بھارت-چلی تعلقات کےسبھی پہلوؤں کا احاطہ کیا جائے گا. وزیر اعظم صاحب عزت کے اعزاز میں دوپہر کے کھانے کی میزبانی کریں گے. اپنے دورے کے دوران، صدر بورک صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو کے ساتھ بھی تبادلہ خیال کریں گے، جو ان کے اعزاز میں ضیافت کا بھی اہتمام کریں گی.

3. چلی کے ساتھ بھارت کے تعلقات روایتی طور پر والہانہ اور دوستانہ رہے ہیں. چلی لاطینی امریکی خطے میں بھارت کے لئے ایک اہم پارٹنر ہے. چلی واحد ملک ہے جس نے ایل اے سی خطے میں 1947 میں بھارت کی یوم آزادی تقریبات کے لیے ایک خصوصی ایلچی بھیجا تھا. اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اصلاحات، موسمیاتی تبدیلی، قابل تجدید توانائی اور دہشت گردی سمیت کئی بین الاقوامی امور پر دونوں ممالک کانقطہ نظر یکساں رہا ہے. چلی بھی ایل اے سی کے خطے میں بھارت کا ایک اہم کاروباری شرالت دار ہے.

4. ممبئی اور بنگلور میں صدر بورک سیاسی قیادت، کاروباری اور انڈسٹری کے نمائندوں، اسٹارٹ اپ، جدت پسندوں اور ٹیک شعبےکے رہنماؤں سے ملاقات کریں گے.

5. صدر بورک کا آئندہ سرکاری دورہ دونوں ممالک کے رہنماؤں کو دو طرفہ تعلقات کا جامع جائزہ لینے کے ساتھ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرے گا.

نئی دہلی

27 مارچ، 2025